# BOOK INFO

| | |
|---|---|
| Subject | Urdu Grammar Series |
| Title: | AOO BUCHO SEEKHAIN<br>URDU GRAMMAR - III |
| Author: | Mrs. S Munir |
| Pages: | 40 |
| Size: | 18 X 23.50 cm |
| Printing: | 4 Colour |
| Binding: | C.B Center Pin |
| Ist Edition: | 2002 |
| Latest Edition: | 2004 |
| ISBN: | 978-969-584-116-7 |
| Price: | Rs. 110.00 |

آؤ بچّو سیکھیں






# اُردو گرائمر
# و
# اِنشا پَردازی








تیسری جماعت کے لیے

مِسز ایس مُنیر، ایم ایڈ



بُک سَنٹر
لاہور - پاکستان

میرا نام ______________ ہَے۔

میں تیسری جماعت میں ہوں

یہ میری **اُردو گرائمر و اِنشا پَردازی** کی کِتاب ہَے۔

آیئے، دیکھیں، اِس کِتاب میں کَون سا سَبَق کِس صفحہ پر ہَے۔

| صفحہ نمبر | سَبَق |
|---|---|
| | **پہلی سہ ماہی** |
| 7 | 1 - حرُوف تہجّی کی تَرتیب/حرُوف کا اِستعمال |
| 8 | 2 - جُملہ |
| 9 | 3 - واحِد جمع |
| 10 | 4 - مُذکّر مُؤنث |
| 11 | 5 - کہانی لِکھیے |
| 12 | 6 - اللہ کی نِعمتیں |
| 13 | 7 - تفہیم رَحمتِ عالم صَلَّی اللہ علیہِ وَسلَّم |
| | **دُوسری سہ ماہی** |
| 17 | 8 - مَعنی کے لحاظ سے اِسم کی قِسمیں |
| 18 | 9 - اَلفاظ کا صحیح اِستعمال |
| 19 | 10 - خط لِکھنے کے لِئے ہدایات |

| سَبَق | صفحہ نمبر |
|---|---|


| سبق | صفحہ |
|---|---|
| 11 - سہیلی کے نام خط | 20 |
| 12 - غَلط فِقرات کو دُرست کرنا | 21 |
| 13 - ہَم مَعنی اَلفاظ | 22 |
| 14 - مُتضاد اَلفاظ | 23 |
| 15 - کہانی لِکھیے | 24 |
| 16 - موسم بَرسات | 25 |
| 17 - صُبح کی سَیر | 26 |
| 18 - تَفہیم ـــ کِتاب | 27 |

## تِیسری سہ ماہی

| سبق | صفحہ |
|---|---|
| 19 - صِفت اور مَوصُوف | 31 |
| 20 - کہانی لِکھیے | 32 |
| 21 - عام مُحاورات | 33 |
| 22 - میرا سکُول | 34 |
| 23 - قائدِاعظمؒ | 35 |
| 24 - تَفہیم ـــ یومِ پاکستان | 36 |
| 25 - اِصلاحِ تَلفّظ | 37 |

# 2 جُملہ

**جُملہ:**

دو یا دو سے زِیادہ لفظوں کے اُس مجمُوعہ کو کہتے ہیں جِس سے پُورا مَطلَب سمجّھ میں آ جائے، جَیسے خالِدہ سِلائی کر رہی ہے۔ رشید کتاب پڑھ رہا ہے۔

## جُملے کے دو حِصّے

1- مُسند　　　2- مُسندالیہ

**1- مُسند:**

جُملے کا وُہ حِصّہ جو یہ ظاہر کرے کہ کِسی شَخص یا چِیز کے بارے میں کیا کہا گیا ہے، جَیسے عابِدہ پڑھتی ہے، مجِید کھیلتا ہے۔





**2- مُسندالیہ:**

جُملے کا وُہ حِصّہ ہوتا ہے جِس کی بابَت کُچھ کہا گیا ہو جَیسے اُوپر کے جُملوں میں عابِدہ کے بارے میں کہا گیا ہے کہ وُہ پڑھتی ہے اور مجِید کے بارے میں کہا گیا ہے کہ وُہ کھیلتا ہے،

لٰہذا "عابِدہ" اور "مجِید" مُسندالیہ، "پڑھتی ہے" اور "کھیلتا ہے" مُسند۔


مَندرجہ ذیل جُملوں کو غور سے پڑھیے اور دو دو بار خُوش خط لِکھیے:

| جُملہ | مُسندالیہ | مُسند |
|---|---|---|
| 1- صَبا پڑھتی ہے۔ | صَبا | پڑھتی ہے۔ |
| 2- فاطِمہ کھیلتی ہے۔ | فاطِمہ | کھیلتی ہے۔ |
| 3- بچّے دوڑتے ہیں۔ | بچّے | دوڑتے ہیں۔ |
| 4- جہاز اُڑ رہا ہے۔ | جہاز | اُڑ رہا ہے۔ |
| 5- اَحمد کرِکٹ کھیلتا ہے۔ | اَحمد | کرِکٹ کھیلتا ہے۔ |

**7**

# تفہیم

## رحمتِ عالم صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَآلہٖ وَسَلَّمْ



حضرت محمد صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَآلہٖ وَسَلَّمْ اللہ کے آخری نبی ہیں۔ آپؐ بہت رحم دِل، ہم درد اور پیار کرنے والے تھے۔ اللہ نے آپؐ کو رحمتِ عالم بنا کر بھیجا۔ رحمتِ عالم کا مَطْلَب ہے "دُنیا کے لئے رحمت"۔ حضور صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَآلہٖ وَسَلَّمْ کو بچّوں سے بہت پیار تھا۔ آپؐ کے پاس کوئی بچّہ آتا تو آپؐ محبّت سے اُسے گود میں بٹھا لیتے۔ پیار سے اُس کے سر پر ہاتھ پھیرتے۔ اُس کا مُنہ چومتے۔ حضور صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَآلہٖ وَسَلَّمْ کے ہاں جو بھی نیا پھل آتا وہ سب سے پہلے بچّوں کو دیتے۔

### درج ذیل سوالوں کے جواب لکھیے:

1- حضرت محمد صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَآلہٖ وَسَلَّمْ کون تھے؟

2- اللہ نے آپؐ کو کیا بنا کر بھیجا؟

3- رحمتِ عالم کا کیا مَطْلَب ہے؟

4- حضور صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَآلہٖ وَسَلَّمْ بچّوں سے کیسا سلوک کرتے تھے؟

5- حضور صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَآلہٖ وَسَلَّمْ کے ہاں نیا پھل آتا تو کیا کرتے؟

21

# عام محاورات

## کا جُملوں میں اِستعمال

مندرجہ ذیل محاورات ، اُن کے مَعْنی اور جملوں میں اِستعمال، یاد کیجیے اور ایک ایک بار خُود لکھیے :

| نمبر شُمار | محاورات | مَعْنی | جُملے |
|---|---|---|---|
| -1 | باز رہنا | رُک جانا | بُری باتوں سے باز رہنا چاہئے۔ |
| -2 | راز کُھلنا | بھید ظاہِر ہونا | حمید کی چوری کا راز کُھل گیا۔ |
| -3 | گُن گانا | تعْرِیف کرنا | ساس اَپنی بہو کے گُن گاتی ہے۔ |
| -4 | کان بھرنا | چُغلی کھانا | کان بھرنا بُری عادت ہے۔ |
| -5 | بات بڑھانا | جھگڑا بڑھانا | بات کو زیادہ بڑھانا اَچھی بات نہیں۔ |
| -6 | نیند حرام کرنا | بے چَین کرنا | مچھّروں نے نیند حرام کر دی۔ |
| -7 | باغ باغ ہونا | بہُت خُوش ہونا | ماں بیٹے کو دیکھتے ہی باغ باغ ہوگئی۔ |
| -8 | ٹال مٹول کرنا | بہانے کرنا | جو کُچھ دینا ہے اَبھی دے دو۔ ٹال مٹول کرنے سے کیا ہوگا۔ |
| -9 | مُنْہ دیکھتے رہ جانا | حیران رہ جانا | بچّے پھَل توڑ کر بھاگے تو باغ کا مالی مُنْہ دیکھتا رہ گیا۔ |
| -10 | مُنْہ میں پانی بھر آنا | دِل للچانا | اَنگور دیکھتے ہی لُومڑی کے مُنْہ میں پانی بھر آیا۔ |